# کمپنی کی معلومات

| | |
|---|---|
| نام: | جہانگیر صدیقی اینڈ کمپنی لمیٹڈ |
| رجسٹرڈ پتہ: | 6thفلور فیصل ہاؤس، مین شاہراہ فیصل کراچی۔75530، پاکستان |
| UANرابطہ: | (+92-21) 111 574 111 |
| | (+92-21) 32799 005 |
| فیکس: | (+92-21) 32800090 |
| ای میل: | sc@gs.com |
| ویب سائٹ: | www.gs.com |
| کمپنی رجسٹریشن نمبر: | 0023932 |
| قومی ٹیکس نمبر: | 0800544-3 |
| ایکسٹرنل آڈیٹرز: | ارنسٹ اینڈ ینگ فورڈ رھوڈز سیدات حیدر چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس |

ERNST & YOUG FOR RHODES SIDAT HAIDER

CHARTERED ACCOUNTANTS

| | |
|---|---|
| انٹرنل آڈیٹر: | گرانٹ تھورٹن انجم رحمٰن چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس |

GRANT THORNTON ANJUM RAHMAN

CHARTERED ACCOUNTANTS

| | |
|---|---|
| لیگل ایڈوائزر: | باوانی اینڈ پارٹنرز |
| شیئر رجسٹرار: | ٹیکنالوجی ٹریڈ (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| | 241-C، بلاک 2، پی۔ای۔سی۔ایچ۔ایس، کراچی پاکستان |
| | رابطہ:(+92-21) 34391316-19, 34837960-61 |
| | فیکس:(+92-21) 34391318 |
| | ای میل:mail@upl.com.pk |

## ایئر کموڈور (ر) جناب منور عالم صدیقی صاحب ایس آئی (ایم)، ٹی آئی (ایم)

2003 میں منور عالم صدیقی صاحب بطور ایئر کموڈور پاکستان ایئر فورس سے ریٹائر ہوئے۔ پاکستان ایئر فورس ہیڈ کوارٹرز مین آپ کا آخری عہدہ اسسٹنٹ چیف آف ایئر اسٹاف (ایڈمنسٹریشن) تھا۔ پاکستان ایئر فورس میں آپ کی شاندار خدمات کے اعزاز میں آپ کو تمغۂ امتیاز (عسکری) اور ستارہ امتیاز (عسکری) سے نوازا گیا۔

آپ 1974 میں پاکستان ایئر فورس کی GD(P) برانچ میں تعینات تھے۔ آپ ایک تعلیم یافتہ پرواز انسٹرکٹر ہیں اور 8 ہزار گھنٹوں سے زیادہ مختلف ہوائی جہاز اڑا چکے ہیں جن میں C-130، بوئنگ 707 اور ڈسسالٹ فیلکن 20 شامل ہیں۔ اپنی ملازمت کے دوران آپ نے صدارتی اور VVIP پائیلٹ کی خدمات بھی انجام دیں اور متعدد اہم کمانڈر اور اسٹاف عہدوں پر فائز رہے۔ 1996 سے 1998 تک آپ ڈائریکٹر آف ایئر ٹرانسپورٹ رہے اور 2000ء سے 2002ء تک آپ نے 8500 عملے سے زائد کے ایک آپریشنل ایئر فورس بیس کو کمانڈ کیا۔

صدیقی صاحب قائداعظم یونیورسٹی سے ڈیفنس اور اسٹریٹیجک اسٹڈیز میں ایم ایس سی، کراچی یونیورسٹی سے اسٹریٹیجک اسٹڈیز میں ایم ایس اسی، وار اسٹڈیز میں کراچی یونیورسٹی سے بی ایس سی (آنرز) اور پشاور یونیورسٹی سے بی ایس سی (ایویٹونکس) کی ڈگریوں کے حامل ہیں۔

آج کل صدیقی صاحب جے ایس انوسٹمنٹس لمیٹڈ کے ایڈوائزر ہیں۔ اس سے قبل وہ جے ایس انوسٹمنٹ لمیٹڈ میں 2004 سے 2013 تک بطور چیئر مین کی خدمات انجام دے رہے تھے۔

## دیگر ڈائریکٹرشپس:

- ☆ جے ایس ابا ملکو کموڈیٹیز لمیٹڈ
- ☆ ہم نیٹ ورک لمیٹڈ
- ☆ جہانگیر صدیقی اینڈ سنز لمیٹڈ
- ☆ فخر امداد فاؤنڈیشن
- ☆ کراچ ایجوکیشن انیشیٹو
- ☆ کاریگر ٹریننگ انسٹیٹیوٹ

## کمپنی کے بارے میں:

جہانگیر صدیقی اینڈ کمپنی لمیٹڈ (JSCL) بنیادی طور پر مالی خدمات کے شعبے میں ایک سرمایہ کار کمپنی ہے اور پاکستان کی ابھرتی ہوئی کمپنیز میں طویل مدتی سرمایہ کاری بھی کرتی ہے۔ مالی خدمات میں اسکی سرمایہ کاری تمام شعبہ جات پر مشتمل ہے۔ جس میں اثاثوں کی نظامت۔۔۔۔ کمرشل بینکاری، مرماتی بینکاری، اسلامک بینکاری، سیکیورٹیز بروکریج اور انشورنس شامل ہیں۔ JSCL ٹیکنالوجی، نقل وحمل، میڈیا اور صنعتی کمپنیز میں طویل مدتی اسٹریٹیجک سرمایہ کاری سے فائدہ اٹھاتی ہے۔

JSCL جہانگیر صدیقی صاحب کے قائم کردہ ایکویٹی اور فلکسڈ انکم سیکیورٹیز اور کارپوریٹ فنانس بزنس کی جانشینی میں 4 مئی 1991ء کو کمپنی آرڈیننس 1984 کے تحت پاکستان میں قائم ہوئی۔

JSCL پاکستان کی پہلی سیکیورٹیز کمپنی تھی جو کہ اپنے پرانے جوائنٹ وینچر پارٹنر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی وجہ سے وال اسٹریٹ پڈگری (wall street pedigree) کی حامل تھی۔ JSCL کراچی اسٹاک ایکسچینج کی پہلی کارپورٹ ممبر تھی اور کراچی ایکسچینج پر 10 اگست 1993ء میں لسٹ ہوئی۔

## وژن:

اپنے آپ کو پاکستان کی اعلیٰ ترین اور بہترین کارکردگی والی سرمایہ کار کمپنی کے طور پر شناخت کروانا۔

## مشن:

اپنے حصص یافتگان کو مستقل بنیادوں پر عمدہ منافع فراہم کرنا جس سے انکے سرمائے کی مالیت میں اضافہ ہو سکے، جن کی بنیاد محتاط سرمایہ کاری کے فیصلے، بہتر کارپوریٹ گورننس، خطرات کی مناظمت (risk managment) اور اپنے تمام تر کاروباری امور کو انتہائی اعلیٰ اخلاقی اور قانونی تقاضوں کے عین مطابق ہو۔

## چیف جسٹس (ر) محبوب احمد

چیف جسٹس (ر) محبوب احمد ایک ممتاز و قابل احترام وکیل ہیں، جنہوں نے 20 سال سے زیادہ ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ پاکستان میں وکالت کی، آپ تمام اسٹیچوٹری کارپوریشنز اور بیشتر انشورنس کمپنیوں اور بڑی فارن اور ڈومیسٹک کمپنیوں کے وکیل رہے۔ آپ نے پنجاب یونیورسٹی سے گریجویشن کیا۔ 1957 میں بار مکمل کی جس کے بعد آپ نے لاہور ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ میں 19 سال تک پریکٹس کی۔ خاص طور پر آئینی اور تجارتی مسائل پر آپ کی توجہ رہی۔ محبوب احمد صاحب 1978 میں لاہور ہائی کورٹ کے جج مقرر ہوئے اور 1991 میں چیف جسٹس بنے۔

آپ Provincial Election Authority of Pujab کے گیارہ سال تک چیئر مین رہے اور انشورنس ریفارم کمیشن آف پاکستان کے بھی چیئر مین رہے۔ آپ لاہور ہائی کورٹ کے بینکنگ جج کے ساتھ بیشتر Spurious کمپنیوں کے جج بھی رہے۔ SECP کی جانب سے ایک ٹاسک فورس کا قیام ہوا جس کا کام تکافل انشورنس کمپنیوں کے قیام کیلئے قوانین اور اصولوں کو تشکیل دینا تھا، اسکی سربراہی چیئر مین کی حیثیت سے کی۔

1997-2000 تک وفاقی شرعی عدالت کے چیف جسٹس رہے اور ساتھ ہی گورنر پنجاب کی حیثیت سے متعدد بار خدمات انجام دیں۔ آپ سماجی طور پر بہت فعال ہیں، مسلم ایجوکیشن کے صدر، گلاب دیوی چیسٹ ہسپتال کے مینجنگ کمیٹی کے رکن، لیاقت نیشنل ہسپتال کراچی کی گورننگ باڈی کے رکن، فاطمہ جناح میڈیکل کالج کے بورڈ مینجمنٹ کے چیئر مین، سرگنگا رام ہسپتال اور بوعلی سینا ہسپتال کے سرپرست اعلیٰ ہیں۔ چیئر مین قلی خان وقف جو ایک تعلیمی ادارہ برائے فلاح و بہبود صنعتی کارکنان ہے، ہارٹ ایسوسی ایشن آف لاہور اور پاکستان سوسائٹی فار کینسر کنٹرول کے بنیادی رکن ہیں۔ آپ المیزان فاؤنڈیشن (جیوڈیشل فاؤنڈیشن) کے وائس چیئر مین ہیں۔ آپ نظریہ پاکستان ٹرسٹ کے بورڈ آف گورنرز کے ممبر ہیں اور پاکستان "موومنٹ ورکرز ٹرسٹ کے چیئر مین ہیں۔

۱) چیئر مین East West Insurance Co. Ltd.

۲) چیئر مین East West Life Assurance Co Ltd.

بورڈ کے ڈائریکٹرز:

| | |
|---|---|
| ☆ چیف جسٹس (ر) محبوب احمد چیئرمین | (غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹر) |
| ☆ جناب سلیمان لالانی | چیف ایگزیکٹو آفیسر |
| ☆ جناب علی جہانگیر صدیقی | (غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹر) |
| ☆ جناب کلیم الرحمٰن | (غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹر) |
| ☆ جناب علی حسین | (غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹر) |
| ☆ ائیر کموڈور منور عالم صدیقی | (غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹر) |
| ☆ مسٹر سٹیفن کرسٹوفر اسمتھ | (غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹر) |

## جناب علی جہانگیر صدیقی صاحب (غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹر)

علی جہانگیر صدیقی صاحب پاکستان کی سب سے بڑی پرائیوٹ ایکوٹی فرم JS Private Equity کے چیئرمین ہیں جو انہوں نے قائم کی ہے، آپ 2002 سے 2003 تک J.S. Investment Ltd.، پرائیوٹ سیکٹر میوچل فنڈز کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر رہے۔ J.S. گروپ سے قبل صدیقی صاحب Crosby، ایک پرائیوٹ ایکوٹی فرم (ہانگ کانگ) کے ڈائریکٹر رہے۔ 2014 میں ورلڈ اکنامک فورم نے انہیں ینگ گلوبل لیڈر کے خطاب سے نوازا۔ صدیقی صاحب نے کارنیل یونیورسٹی سے بی اے اکنامکس کیا ہے۔

دیگر ڈائریکٹرشپس:

۱) T.R.G. Pakistan Ltd.

۲) Air Blue Ltd.

جناب سلیمان لالانی صاحب،          چیف ایگزیکٹو ڈائریکٹر

جناب سلیمان لالانی صاحب نے یکم مارچ 2012 سے بطور چیف ایگزیکٹو آفیسر جہانگیر صدیقی اینڈ کمپنی لمیٹڈ میں شمولیت اختیار کی۔ JSCL میں شمولیت سے قبل آپ J.S. Investment Ltd. کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر فنانس اور آپریشنز اور کمپنی سیکریٹری تھے، جہاں انہوں نے 7 سال تک CEO کمپنی سیکریٹری کے فرائض انجام دیئے۔

لالانی صاحب نے اپنے کیریئر کا آغاز JSCL سے 1992 میں کیا جہاں انہوں نے 8 سال کام کیا۔ 2000ء میں آپ کو ترقی دے کر جہانگیر صدیقی انوسٹمنٹ بینک لمیٹڈ کا چیف آپریٹنگ آفیسر بنا دیا گیا جو جہانگیر صدیقی بلاک کے JSCL کی ایک (ذیلی کمپنی) ہے۔

جنوری 2002ء میں آپ نے دی فرسٹ مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ میں بطور چیف فنانشل آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کے طور پر شمولیت اختیار کی۔

لالانی صاحب انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ آف پاکستان کے فیلو ممبر ہونے کے ساتھ ساتھ 20 سال سے زائد کا مالیاتی خدمات کے سیکٹر میں تجربہ بھی رکھتے ہیں۔ آپ نے پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کی جانب سے کرائے گئے بورڈ ڈیولپمنٹ سیریز سرٹیفکیٹ پروگرام بھی مکمل کیا ہے۔

دیگر ڈائریکٹرشپس:

۱) J.S. Investment Ltd.

۲) Al Abbas Sugar Mill Ltd.

علی حسین صاحب،             غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹر

جناب علی حسین صاحب اپنے ساتھ 30 سال سے زیادہ کارپوریٹ اور پرائیوٹ اداروں میں انتظامی اور کاروباری تجربہ لائے ہیں۔ حسین صاحب نے مختلف بین الاقوامی ٹیکنالوجی اور مالیاتی سرمائی کمپنیوں میں سرمایہ لگایا اور قائم کیں۔ اپنا کاروبار شروع کرنے سے قبل حسین صاحب نے کیلیفورنیا اور سنگاپور میں ہیولٹ پیکارڈ آپریشنز کی نظامت کی۔ آپ اسٹینڈفورڈ یونیورسٹی سے انجینئرنگ میں ماسٹرز کی ڈگری کے حامل ہیں۔ حسین صاحب سجاد فاؤنڈیشن کے بانی ہیں جو ایک نجی فلاحی فاؤنڈیشن ہے جس کا مقصد سنگاپور، پاکستان اور دیگر ترقی پذیر ممالک میں تعلیم، صحت اور انسانی فلاحی کام کرنا ہے۔

دیگر ڈائریکٹرشپس:

۱) Bank Islamic Pakistan Ltd.

۲) Saj Capital Management Ltd.

جناب سعود احمد مرزا صاحب             خودمختار غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹر

جناب سعود احمد مرزا صاحب نے ڈائریکٹر جنرل فیڈرل انوسٹی گیشن ایجنسی (FIA)، ایڈیشنل انسپکٹر جنرل CID، کیپٹل سٹی پولیس آفیسر (CCPO) کراچی، ڈپٹی انسپکٹر جنرل (DIG)، CID، DIG ٹریفک، DIG ٹریننگ، DIG ہیڈکوارٹرز، DIG اسٹیبلشمنٹ، DIG اور سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (SSP) حیدرآباد اور SSP سینٹرل کراچی۔ آپ کو 2008ء میں تمغۂ امتیاز اور 2012 میں قائداعظم پولیس میڈل سے نوازا گیا۔ جناب سعود مرزا صاحب نے 23 مارچ 1979ء میں پولیس کی ملازمت اختیار کی اور 31 جنوری 2014 کو ریٹائرڈ ہوئے۔

مرزا صاحب نے 1971 میں گورنمنٹ کالج پشاور سے انٹرمیڈیٹ کیا اور وہیں سے 1975 میں بیچلرز کی ڈگری حاصل کی۔ انہوں نے پنجاب یونیورسٹی سے پبلک ایڈمنسٹریشن میں ماسٹرز یا اور دوسری ماسٹرز کی ڈگری پولیس اسٹیڈیز مین یونیورسٹی آفس ایکزٹیر UK سے حاصل کی۔

جناب اسٹیفن کرسٹوفر اسمتھ صاحب،　　　غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹر

جناب اسمتھ صاحب نے 2004ء میں JS گروپ میں شمولیت اختیار کی اور آپ JSCL کے بین الاقوامی سرگرمیوں کے ذمہ دار ہیں۔ JS گروپ سے قبل جناب اسمتھ صاحب نے ارنسٹ اینڈ ینگ (Ernest & Young) لندن سے چارٹرڈ اکاؤنٹینسی مکمل کرنے کے بعد یوروپین کیپٹل ایک UK میں قائم پروجیکٹ اور کارپوریٹ فنانس کمپنی سے منسلک رہے۔ پھر آپ وہاں سے ہانگ کانگ میں قائم ایک لسٹڈ مالیاتی کمپنی ٹیک پیسفک کیپٹل چلے گئے اور ترقی کرتے کرتے گروپ CEO اور کمپنی سیکریٹری بن گئے۔ اسمتھ صاحب یونیورسٹی آف برسٹل سے معاشیات اور ریاضی میں جوائنٹ آنرز کی ڈگری کے حامل ہیں۔

دیگر ڈائریکٹرشپس:

(i J.S. International Ltd.

# ضابطہ اخلاق/طرز عمل کے ضوابط

ضابطہ اخلاق (Code of Conduct)

ہماری کمپنی کی کامیابی کا انحصار اعلیٰ اخلاقی و کاروباری طرز کار اختیار کرنے پر ہے۔

JSCL فیملی کے ہر ممبر سے امید کی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ ذیل ضابطہ اخلاق کا جائزہ لے اور اسکی مکمل پاسداری کرے۔

۱) کاروبار طرز کار اور انکشافات مناسب حد تک شفاف رکھے جائیں۔

۲) بہترین منافع کے حصول میں منصفانہ کاروباری طرز کار اختیار کرنا۔

۳) گاہکوں کے مفاد کا تحفظ

۴) اچھے کارپوریٹ شہریت کے اصولوں کو اپناتے ہوئے سماجی ذمہ داری پوری کرنا

۵) مالیاتی گوشوارے، کاروباری آپریشنز کی صحیح عکاسی کرے اور حقیقت نہ چھپائے۔

۶) کاروبار کے طرز عمل میں وفاداری، دیانتداری، ایمانداری اور وقار سے کام لینا۔

۷) بہترین لوگوں کی خدمت حاصل کرنا، ان کی حوصلہ افزائی کرنا، ترغیب دینا، انعام دینا تا کہ وہ اعلیٰ کارکردگی دکھائیں

۸) پیشہ وارانہ روابط اور آزادانہ ماحول جہاں ہر کسی کو بات کرنے کا حق حاصل ہو۔

۹) ہم اپنے کلائنٹس اور حصص یافتگان کے مالی مقاصد کے حصول کے ضمن میں اعلیٰ کارکردگی اور ملازمین کی محنت کی قدر کرتے ہیں۔

۱۰) JSCL میں ملازمت کے دوران یا اسکے بعد تمام معلومات/اعداد و شمار میں اعلیٰ سطح کی رازداری کو برقرار رکھنا۔

۱۱) کوئی ایسا پیشہ وارانہ اور کاروباری کام نہ کرنا یا کسی بھی قسم کی سودمند مفاد (benificial interest) نہ رکھنا جو کمپنی کے مفادات کے متنازعہ یا ان سے مسابقت رکھتا ہو۔

۱۲) انسائیڈر ٹریڈنگ (incider Trading) قطعی ممنوع ہے۔

۱۳) کام کی جگہ پر ہراساں کرنے سے گریز کرنا اور غیر اخلاقی سرگرمیوں کی فوری اطلاع دینا

۱۴) ملازمین سے یکساں سلوک کرنا اور اختیارات کے غلط استعمال سے گریز کرنا

۱۵) کمپنی کے اثاثوں کو موثر طریقے سے استعمال کرنا پروپرائٹری (Proprietary) معلومات کی رازداری رکھنا

۱۶) تحائف اور رشوت لینے اور دینے سے گریز کرنا، بجز اس تحائف کہ جن کے متعلق بتا دیا گیا ہو اور اجازت لی گئی ہو۔

۱۷) صحتمندانہ اور محفوظ ماحول فراہم کرنے کی جدوجہد کرنا اور قدرتی ماحول کے ضیائع سے گریز کرنا۔

## جناب کلیم الرحمٰن صاحب (غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹر)

جناب کلیم الرحمٰن صاحب جے ایس بینک لمیٹڈ کے سابقہ صدر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر تھے۔ فی الحال وہ جے ایس بینک لمیٹڈ کے ایک غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور بورڈ رسک مینجمنٹ کمیٹی کے ممبر ہیں۔ آپ نے پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کے ساتھ ساتھ لندن کے انسٹیٹیوٹ آف ڈائریکٹرز سے ڈائریکٹرز سرٹیفیکیٹس حاصل کی۔

رحمٰن صاحب ایک تجربہ کار بینکر ہیں اور انٹرنیشنل اور ڈومیسٹک بینکاری میں تقریباً 50 سال کا تجربہ رکھتے ہیں۔ آپ نے مختلف انٹرنیشنل اور ڈومیسٹک بینکوں میں کام کیا ہے جن میں گرنڈلیز بینک پی ایل سی (برطانیہ اور پاکستان)، مڈل ایسٹ بینک (متحدہ عرب امارات اور پاکستان) میں جنرل مینجر جنوبی ایشیا، ایمریٹس انوسٹمنٹ بینک (متحدہ عرب امارات) میں بطور جنرل مینجر اور عسکری کمرشل بینک (پاکستان) میں بطور صدر اور سی ای او شامل ہیں۔

آپ نے سینئر کیمبرک برن ہال اسکول ایبٹ آباد اور بی ایس سی (آنرز) گورنمنٹ کالج لاہور سے کیا۔ آپ کا پورا تعلیمی کیریئر فرسٹ کلاس رہا اور آپ کا نام کالج کے رول آف آنر میں درج ہے۔ آپ انسٹیٹیوٹ آف بینکرز ان پاکستان کے ساتھ ساتھ انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ سیکریٹریز اینڈ مینجرز پاکستان کے فیلو (Fellow) ممبر ہیں۔

دیگر ڈائریکٹرشپس:

۱) جے ایس بینک لمیٹڈ

۲) ایکسل لیبز (پرائیوٹ) لمیٹڈ